© rasailojaraid.com



مولوی عبدالحق کے ذخیرہ مخطوطات مملوکہ انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی (مخزونہ نیشنل میوزیم کراچی) میں بھی ہے - یہ دیوان ایک بار پہلے بھی چھپ چکا ہے - اسے غلام ہمدانی خاں گوہر نے حیدرآباد دکن سے "گلزار ماہ لقا" کے نام سے ۱۹۰۶ء میں چھپوایا تھا اور اسی سال چندا کے حالات سے متعلق ایک کتاب "حیات ماہ لقا" کے نام سے بھی چھپوائی تھی -

## مغربی پاکستان اردو اکیڈمی لاہور کی مطبوعات

فاضل گرامی ڈاکٹر وحید قریشی اس ادارے کے معتمد عمومی ہیں - ان کی موجودگی سے ادارے کی مطبوعات کی رفتار حیران کن حد تک تیز ہو گئی ہے - چنانچہ ۱۹۹۲ء میں پانچ کتابیں ہم تک پہنچی ہیں - ان پر تبصرہ پیش کیا جاتا ہے -

### ۵ - اردو صحافت کی ایک نادر تاریخ

مصنف : مولوی محبوب عالم

ترتیب ، مقدمہ ، حواشی : طاہر مسعود

ضخامت : ۳۹۰ صفحات

مبصر : سید جاوید اقبال

طاہر مسعود جامعہ کراچی کے شعبۂ صحافت سے وابستہ ہیں - انھوں نے مولوی محبوب عالم کی کتاب "فہرست اخبار ہند" (۱۹۰۳ء) کو اپنے مقدمے اور حواشی کے ساتھ مرتب کیا ہے - اس میں انیسویں صدی کے ۱۴۸ اخبارات کا تذکرہ ہے - فاضل مرتب نے اپنے پیش لفظ میں مولوی محبوب عالم کے ان مقاصد کی بخوبی صراحت کی ہے جو اشاعت اول کے وقت مولوی محبوب عالم کے پیش نظر تھے ، پھر مرتب کا مقدمہ بعنوان "انیسویں صدی کی اردو صحافت" آتا ہے جس میں گزشتہ صدی کی اردو صحافت کے مختلف ادوار کا جائزہ لیا ہے - آخر میں اردو اخبارات کی اصلاح کی کوششوں کا جائزہ بھی لیا ہے - مقدمے کے آخر میں حواجات بھی ہیں جو مآخذ کی نشان دہی بھی کرتے ہیں - بلا شبہہ یہ ایک اچھا کام ہے جو سامنے آیا ہے -

### ۶ - غالب آگہی

مصنف : سید قدرت نقوی

ضخامت : ۳۶۰ صفحات

مبصر : سید جاوید اقبال

© rasailojaraid.com